5218 ـ اختیاری ٹیکس سے بچنے کے لیے تنخواہ کا غلط گوشوارہ پیش کرنا

سوال

یونیورسٹی کے ایك پروفیسر کے لیے ادارہ نے ایك شرط رکھی کہ اسے تنخواہ کے بغیر رخصت اس صورت میں مل سکتی ہے کہ وہ اپنی دوسری آمدنی کا پچیس فیصد (25 %) سودی بنك میں رکھیں اور وہ اس سے کچھ حصہ ٹیکس وصول کیا کرینگے، تو کیا اس کے لیے اپنی تنخواہ کی صحیح معلومات نہ دینا صحیح ہیں تا کہ بنك میں زیادہ رقم نہ رکھی جائے اور اس سے ٹیکس کاٹا جائے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

یہ سول فضیلۃ الشیخ محمد بن صالح العثیمین رحمہ اللہ کے سامنے پیش کیا گیا تو ان کا جواب تھا:

ظاہر یہی ہوتا ہے کہ ایسا کرنا جائز نہیں، کیونکہ اس کا ان کے ساتھ معاہدہ ہے، اور جب اس نے ان کے ساتھ معاہدہ کیا ہوا ہے تو پھر ان کے نظام کے خلاف حیلہ کرنا جائز نہیں.

سوال:

چاہے اس میں ظلم اور ٹیکس بھی ہو ؟

جواب:

لیکن وہ شخص خود ہی شروع سے اس پر راضی ہوا ہے. اھـ

واللہ تعالی اعلم